J

مشترکہ محلوک کمپنی ۔ ایک کمپنی جس کی دو یا زائد محلوک کمپنیاں ہوں، یا تو ایک دوسرے کے حصص برداری کے ذریعے ہوں، یا جب کہ کوئی اور محلوک کمپنی نے ان کے حصص خرید لئے ہوں ۔

مشترک سرمائے کا بینک ۔ بینکاری کی ایک کمپنی جو اس کے ایسے حصہ داروں کی ملکیت ہو جن کی ذمہ داری ان کے حصہ کی شراکت تک محدود ہو اور جو ایسی حیثیت کے مشترک سرمایہ کمپنیوں کے رجسٹرار یا کسی دیگر ایجنسیوں کے پاس رجسٹرڈ شدہ ہو۔

مشترک سرمائے کی کمپنی ۔ ایک کاروباری تنظیم جو قانون کے تحت ایک قانونی فرد کی حیثیت سے تشکیل دی گئی ہو اور جو اس کے حصے داروں کی ملکیت ہو، جن کو ممبر بھی کہا جاتا ہے جن کی ذمہ داری ان حصص کی مالیت تک محدود ہوتی ہے، جو ان کے پاس ہوں ۔ اس کے ممبروں کا سلسلہ دائمی ہوتا ہے، اور کمپنی کی اپنی ہستی ہوتی ہے جو کہ ان ممبران سے جداگانہ ہے جو اس کی تشکیل کرتے ہیں ۔

مشترکہ ونچر ۔ یہ ایک معاہدہ ہے جس میں دو یا زائد فریقین یا کمپنیاں کسی پروجیکٹ یا کاروباری ونچر کو چلانے کے لئے متحد ہو جاتی ہیں ۔ ان کے لوازم، فرائض، ذمہ داریوں اور فوائد کا تعین اس معاہدے سے ہوتا ہے جو ان کے درمیان طے ہو چکا ہوتا ہے ۔

مشترک ونچر کا بینک ۔ ایسا بینک جو مشترک ونچر کے طور پر قائم ہوا ہو جس کی ملکیت میں دو بینک شریک ہوں ۔ عموماً ایسا ان غیر ملکی بینکوں میں ہوتا ہے جو اپنے کاروبار دوسرے ممالک میں شروع کرنا چاہتے ہوں جہاں بینک قائم کرنے کے لئے مقامی شراکت درکار ہوتی ہو۔

مشترکہ ونچر کی ذیلی (کمپنی)۔ایک کمپنی جو کسی دوسری کمپنی یا بینک کے ساتھ مشترکہ ونچر کے طور پر قائم ہوئی ہو۔ مشترکہ ونچر کی ذیلی کمپنی کے سرمائے کی وضع اور ملکیت اس معاہدے کے مطابق ہوگی جو اصل فریقین اور مقامی مالکایہ کے مطلوبات کے مطابق ہوگا، اگر کوئی ہوں۔

جونیئر قرض گار افسر۔کسی بینک کا ایک کم تجربہ کار افسر، جو قرد کی تجویز پر کاروائی کرنے کے لئے اور قرضہ گاری کی منظوری اور فیصلے کرنے کے لئے متعلقہ تیاریاں کرتا ہے اور پھر قرضوں کے کھاتے کے عمالات اور ان کی نگرانی کے لئے مامور کیا جاتا ہے۔